آزاد جموں وکشمیر انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

پریس ریلیز!

جملہ متعلقین کی اطلاع کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ معزز عدالت عظمیٰ کے فیصلہ کی روشنی میں آمدہ امتحان انٹرمیڈیٹ فرسٹ اینول 2024ء فیڈرل بورڈ کے نصاب/ پیٹرن کے مطابق ہوگا بناء بریں سربراہان ادارہ جات/ امیدواران کی تحریک پر جناب چیئرمین نے فیڈرل بورڈ کے قواعد کے مطابق امتحان انٹرمیڈیٹ فرسٹ اینول 2024ء کیلئے بذیل احکامات کی منظوری صادر فرمائی ہے۔

1) امتحان انٹرمیڈیٹ فرسٹ اینول پارٹ اول 2023 کے صرف مکمل پاس امیدواران ہی امتحان انٹرمیڈیٹ فرسٹ اینول 2024ء میں پارٹ دوئم کے ساتھ پارٹ اول کے کچھ مضامین کی بہتری نمبرات کا امتحان دے سکتے ہیں۔ مطلع رہیں کہ یہ امیدواران پوزیشنز کے حق دار نہ ہوں گے نیز آگاہ رہیں کہ پارٹ اول میں کسی مضمون/ مضامین میں 33% سے کم نمبرات حاصل کرنے والے یعنی فیل امیدواران کو فیڈرل بورڈ کے قواعد کے مطابق پارٹ دوم کے ساتھ پارٹ اول کے پاس مضامین کی بہتری نمبرات کا امتحان دینے کی اجازت نہ ہوگی۔

2) امتحان انٹرمیڈیٹ فرسٹ اینول 2024 میں پہلی بار پارٹ دوئم میں شامل ہونے والے ایسے امیدواران جو کہ پارٹ اول میں کچھ مضامین میں فیل ہیں یا جو امیدواران گروپ تبدیل کرتے ہیں وہ پارٹ اول میں قبل ازیں جس سلیبس کے تحت شامل امتحان ہوئے تھے، تبدیل شدہ مضامین/ گروپ میں اسی سلیبس کے تحت شامل امتحان ہوں گے تاہم معزز عدالت عظمیٰ کے فیصلہ کی روشنی میں پارٹ دوئم کے تمام پرچہ جات فیڈرل بورڈ کے سلیبس/ پیٹرن کے مطابق ہوں گے۔

3) کمپوزٹ امتحان پاس کرنے کے بعد بہتری نمبرات کا امتحان دینے والے پنجاب اور AJK سلیبس کے حامل امیدواران امتحان انٹرمیڈیٹ سیکنڈ اینول 2024ء تک ہی پنجاب اور AJK سلیبس کے تحت بہتری نمبرات کا امتحان دے سکیں گے۔

4) بمطابق سرکلر نمبر ڈی۔سی۔آر۔ڈی/10-2023/1404 مورخہ 27-09-2023 کے تحت مضمون فہم القرآن سال اول و دوئم کا امتحان 2024ء میں ہوگا۔ IBCC کے نوٹیفکیشن کے مطابق آئندہ انٹرمیڈیٹ وثانوی سرٹیفکیٹس کے گیارہ سو کی بجائے بارہ سو نمبرات ہوں گے بصورت دیگر IBCC سے ویریفکیشن کا معاملہ ناممکن ہوگا۔

5) آمدہ امتحان انٹرمیڈیٹ فرسٹ اینول 2024 سال دوئم میں شامل ہونے والے امیدواران نے پارٹ اول میں اگر فہم القرآن کا پرچہ دیا تھا تو وہ پارٹ دوئم میں بھی فہم القرآن کا امتحان دیں گے اور جن طلباء نے پارٹ اول میں ترجمۃ القرآن کا امتحان دیا تھا وہ پارٹ دوئم میں بھی ترجمۃ القرآن کا امتحان دیں گے تبھی بارہ سو نمبرات کا حدف مکمل ہو سکے گا۔

6) آمدہ امتحان انٹرمیڈیٹ فرسٹ اینول 2024 میں لائبریری سائنس پارٹ دوم کا پرچہ تھیوری حسب سابق 85 نمبرات جبکہ پریکٹیکل حسب سابق 30 نمبرات کا ہوگا۔

7) آمدہ امتحان انٹرمیڈیٹ فرسٹ اینول 2024 میں لائبریری سائنس پارٹ اول کا پرچہ فیڈرل بورڈ کے پیٹرن کے مطابق 60 نمبرات کا پرچہ تھیوری کا ہوگا جبکہ امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ دوئم 2025 میں پریکٹیکل کا پرچہ 80 نمبرات کا ہوگا۔

(قاری محمد مشتاق)

کنٹرولر امتحانات

(کالجز)

نمبر بورڈ/ انٹر/ 9387-9410 /2023 مورخہ 08-12

نقل بالا بخدمت:

1۔ پرائیویٹ سیکریٹری ہمراہ چیئرمین صاحب بغرض ملاحظہ جناب چیئرمین بورڈ۔

2۔ سیکرٹری صاحب تعلیمی بورڈ میرپور۔

3۔ سسٹم انالسٹ صاحبہ بورڈ ہذا۔

4۔ فوکل پرسن بورڈ ہذا۔

5۔ ڈیٹا سپروائزر شعبہ کمپیوٹر بغرض ترسیل خبر بذریعہ ای میل۔

6۔ ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور بغرض اشاعت در قومی اخبارات بطور خبر۔

7۔ اسٹیشن ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو میرپور/ مظفرآباد/ نمائندہ پی ٹی وی/ نیوز ایجنسی اے پی سی ساجد پلازہ میرپور۔

8۔ معزز نمائندگان PTV/APP روزنامہ جنگ/ نوائے وقت/ خبریں/ اوصاف/ محاسب/ جموں وکشمیر/ جناح/ صدائے چنار/ شاہین/ کشمیر ایکسپریس/ روشنک/ عدالت/ آوازہ میرپور بغرض اشاعت بطور خبر۔

9۔ نیوز ایڈیٹر صاحب FM 90 ریڈیو بالائی منزل لعل دین پلازہ F/1 میرپور۔ بطور خبر۔

10۔ نمائندہ بورڈ کیمپ آفس مظفرآباد/ راولاکوٹ۔

11۔ آفس کاپی/ مسل متعلقہ/ نوٹس بورڈ۔

Taimoor Aslam Qureshi